روزے کے دوران حلق سے خون کا مسئلہ

الحمدللہ والصلوۃ والسلام علی رسول اللہ

الاستفتاء: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متِین اس مسئلہ کے بارے میں کہ میں ایسی بیماری میں مبتلاہوں کہ میرے حلق سے خون نکلتا ہے اور کبھی میں اس خون کا ٹیسٹ (ذائقہ) حلق میں محسوس کرتا ہوں ۔کیا میرا روزہ ہوجائے گا یا ٹوٹ جائے گا؟

سائل:سفیان فرام انگلینڈ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بِعَونِ المَلِکِ الوَھاب اللھم ھدایۃَ الحَق والصواب

اگر خون حلق سے نکل کر حلق سے نیچے اتر جائے خون تھوک سے زیادہ یا برابر ہو توروزہ ٹوٹ جائے گا اور اگر تھوک سے کم ہو مگر اس کا ذائقہ حلق میں محسوس ہوا تو پھر بھی روزہ ٹوٹ جائے گا اور اگر تھوک سے کم ہونے کی صورت میں حلق میں ذائقہ محسوس نہ ہوا تو روزہ نہیں ٹوٹے گا۔

جیسا کہ درمختار میں ہے کہ**"خَرَجَ الدَّمُ مِنْ بَيْنِ أَسْنَانِهِ وَدَخَلَ حَلْقَهُ يَعْنِي وَلَمْ يَصِلْ إلَى جَوْفِهِ أَمَّا إذَا وَصَلَ فَإِنْ غَلَبَ الدَّمُ أَوْ تَسَاوَيَا فَسَدَ وَإِلَّا لَا، إلَّا إذَا وَجَدَ طَعْمَهُ"**دانتوں سے خون نکل کر حلق میں داخل ہوا اورپیٹ تک نہیں پہنچا تو روزہ نہیں ٹوٹا اگر پیٹ تک پہنچ جائے تو اگر خون تھوک سے زیادہ یا برابر تھا تو روزہ ٹوٹ گیا اور اگر تھوک سے کم تھا مگر اس کا مزہ حلق میں محسوس ہوا تو بھی میں روزہ ٹوٹ جائے گا اور اگر مزہ محسوس نہ ہوا، تو نہیں ٹوٹا۔

("الدرالمختار"، کتاب الصوم، باب ما یفسد الصوم وما لا یفسدہ، ج3، ص422)

واللہ تعالی اعلم ورسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ ابو الحسن محمد قاسم ضیاء قادری

BLEEDING OF THE THROAT WHILST FASTING

الحمدلله والصلوة والسلام على رسول الله

QUESTION:

What do the scholars of Islam and the Jurists of the Sacred Law say in the query that I (the questioner) have been afflicted with an illness due to which my throat bleeds and sometimes I can taste the blood in my throat. Will my fast become invalid or remain valid?

Questioner: Sufyan, from England

ANSWER:

بسم الله الرحمن الرحيم
الجواب بِعَونِ المَلِکِ الوَھاب اللھم ھدایۃَ الحَق والصواب

If the blood continues to flow and proceeds below the throat and the blood is either equivalent to the volume of saliva or more then the fast will become invalid, and if the blood is less than the saliva but one can taste it in the throat then too, the fast will break, and if it was less than the saliva but its taste was not felt in the throat the fast will not break; as it has been cited in Al-Durr al-Mukhtar as follows:

خَرَجَ الدَّمُ مِنْ بَيْنِ أَسْنَانِهِ وَدَخَلَ حَلْقَهُ يَعْنِي وَلَمْ يَصِلْ إلَى جَوْفِهِ أَمَّا إذَا وَصَلَ فَإِنْ غَلَبَ الدَّمُ أَوْ تَسَاوَيَا فَسَدَ وَإِلَّا لَا، إلَّا إذَا وَجَدَ طَعْمَهُ

If the blood flowed from one’s teeth and entered his throat but did not reach his stomach (then the fast did not break) but if it reached the stomach then if the blood was more or equivalent to the saliva the fast would break, and if it was less but its taste was felt in the throat then too, the fast would break, and if the taste was not felt then it would not invalidate the fast.

[Al-Durr al-Mukhtar, Book of Fasting, Chapter about the aspects that invalidate and do not validate the fast, Vol. 3, p. 422]

واللہ تعالی اعلم ورسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
کتبہ ابو الحسن محمد قاسم ضیاء قادری

Answered by Mufti Qasim Zia al-Qadri

Translated by Musjidul Haq Research Department (www.musjidulhaq.com)